السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید کا عمرو دین دارہ۔ جب زید اپنا روپیہ عمرو سے طلب کرتا ہے، عمرو کہتا ہے کہ تم نے ہم کو معاف کردیا ہے۔ اور زید کہتا ہے کہ ہم نے معاف نہیں کیا ہے۔ کوئی دوسرا شخص معاف کرنے یا نہ کرنے کا گواہ نہیں ہے۔ اس حالت میں عنداللہ وعندالرسول وعندالناس زید اپنا روپیہ عمرو سے لینے کا مستحق ہے یا نہیں اور عمرو زید کا دین دار ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قانون شریعت اسلام یہ ہے کہ جب مدعا علیہ مدعی کے دعوے کا انکار کرے تو مدعی اگر اپنا دعویٰ ثابت کرنا چاہے تو اس پر لازم ہے کہ گواہوں سے ثابت کرے اور جب گواہوں سے ثابت نہ کرسکے، اس سبب سے کہ گواہ موجود نہیں ہیں اور مدعا علیہ سے انکار دعویٰ پر حلف چاہے تو مدعا علیہ پر حلف لازم ہے تو اگر مدعا علیہ انکار دعویٰ میں سچا ہے تو حلف لے لے اور جب حلف لے لے گا تو مدعی کا دعویٰ ساقط ہوجائے گا اور اگر حلف نہ لے گا تو دعویٰ ساقط نہ ہوگا۔

صورت مسئولہ میں جب عمرو کو تسلیم ہے کہ وہ زید کا دین دار ہے تو عمرو کا بروقت تقاضا کرنے زید کے یہ کہنا کہ تم نے ہم کو معاف کردیا ہے، یہ عمرو کا زید پر ایک دعویٰ ہے اور زید کا یہ کہنا کہ ہم نے معاف نہیں کیا ہے، اس کے دعویٰ کا انکار ہے اور جب اس صورت میں عمرو کا کوئی گواہ نہیں ہے۔ اگر زید سے انکار دعویٰ پر حلف چاہے اور زید حلف لے لے یعنی قسم کھا جائے کہ میں نے اپنا دین جو عمرو پر ہے، معاف نہیں کیا ہے تو عمرو کا دعویٰ کہ زید نے اپنا دین معاف کردیا ہے، ساقط ہوجائے گا اور عمرو زید کا دین دار اور زید اپنا روپیہ عمرو سے پانے کا مستحق ہوگا اور درصورت حلف نہ لینے زید کے عمرو کا دعویٰ ساقط نہ ہوگا۔

عن علقمة بن وائل بن حجر، عن أبیہ قال: جاء رجل من حضرموت ورجل من کِندة إلی النبی، فقال الحضرمی: یا رسول اللہ إن ہذا قد غلبنی علی أرض لی کانت لأبی، فقال الکندي: ہی أرض في یدي أزرعہا، لیس لہ فیہا حق، فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم للحضرمی: "ألک بینة"؟ قال: لا قال: "فلک یمینہ" قال: یا رسول اللہ إن الرجل فاجرٌ لا یبالی علی ما یحلف علیہ، قال: "لیس لک منہ إلا ذلک" فانطلق لیحلف لہ، فلما أدبر قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: "أما لئن حلف علی مالہ لیأکلہ ظلما لیلقَیَنَّ اللہ وہو عنہ مُعرِض"[1]

''امام مسلم رحمة اللہ علیہ نے بیان کیا ہے کہ وائل بن حجر رحمة اللہ علیہ سے مروی ہے کہ حضرموت (قبیلہ) کندہ کے دو آدمی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے تو حضرمی نے کہا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! یہ شخص میرے باپ کی زمین پر قابض ہوگیا ہے۔ کندی نے کہا: یہ میری زمین ہے اور میرے قبضے میں ہے، میں ہی اسے کاشت کرتا ہوں، اس کا اس میں کوئی حق نہیں ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرمی سے کہا: کیا تیرے پاس کوئی دلیل (وگواہی) ہے؟ اس نے کہا: نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "تو تمھیں اس کی قسم قبول کرنی ہوگی۔" اس نے کہا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ فاجر آدمی ہے، اسے کوئی پروا نہیں کہ کیا قسم کھا رہا ہے، یہ کسی چیز سے پرہیز نہیں کرتا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمھارے لیے اس کی طرف سے بس یہی ہے (کہ وہ قسم کھائے)۔" چنانچہ وہ قسم کھانے کے لیے تیار ہوگیا۔ جب اس نے پشت پھیری تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اس نے قسم کھالی کہ ظلم سے اس کا مال کھالے تو یہ اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملے گا کہ وہ اس سے رخ پھیرے ہوئے ہوگا۔''

عن الأشعث قال: کان بینی وبین رجل من الیہود أرض فجحدنی، فقدمتہ إلی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال لی النبی صلی اللہ علیہ وسلم: ((ألک بینة؟)). قلت: لا قال للیہودي: ((احلف)). قلت: یا رسول اللہ إذاً یحلف ویذہب بمالی فأنزل اللہ: {إِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُونَ بِعَهْدِ اللَّهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيلاً..} إلی آخر الآیة(190)[2]

''ائمہ ستہ نے اپنی کتابوں میں اشعث بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک اور روایت بیان کی ہے، انھوں نے فرمایا: "زمین کا ایک ٹکڑا میری اور یہودی کی مشترکہ ملکیت تھا۔ اس نے میرا حصہ تسلیم کرنے سے انکار کردیا۔ میں نے اسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پش کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے پوچھا: "کیا تیرے پاس کوئی گواہ ہے؟" میں نے کہا: نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودی سے کہا: ''قسم کھا۔'' میں نے کہا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! وہ تو (جھوٹی قسم کھاکر) میرا مال لے لے گا؟ تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی:

إِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُونَ بِعَهْدِ اللَّهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيلًا ... سورة البقرة 77

''بے شک جو لوگ اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کے عوض تھوڑی قیمت لیتے ہیں''

(عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ يُعْطَى النَّاسُ بِدَعْوَاهُمْ لَادَّعَى رِجَالٌ أَمْوَالَ قَوْمٍ وَدِمَاءَهُمْ، لَكِنَّ الْبَيِّنَةَ عَلَى الْمُدَّعِي، وَالْيَمِينَ عَلَى مَنْ أَنْكَرَ."[3](تخریج الهدایة للزیلعی: 216/2"

''امام بیہقی رحمة اللہ علیہ نے اپنی سنن میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اگر لوگوں کو محض ان کے دعوے کی بنا پر چیز دے دی جائے تو لوگ دوسرے افراد کے مالوں اور خونوں پہ دعوے کردیں، لیکن گواہی پیش کرنا مدعی کا فرض ہے اور اس کا انکار کرنے والے (مدعا علیہ) کے ذمے قسم کھانا ہے''

(قد اخرج البیہقی الحدیث باسناد صحیح کما قال الحافظ بلفظ: البینۃ علی المدعی والیمین علی من انکر"[4](نیل الاوطار:574/8"

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے صحیح سند کے ساتھ بیان کیا ہے،جس طرح حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے ان الفاظ میں اس کو بیان کیا ہے کہ گواہی پیش کرنا مدعی کا فرض ہے اور اس کا انکار کرنے والے (مدعا علیہ) کے ذمے قسم کھانا ہے۔

وجاء فی روایۃ البیہقی وغیرہ باسناد حسن او صحیح عن صحی صعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ يُعْطَى النَّاسُ بِدَعْوَاهُمْ لَادَّعَى رِجَالٌ أَمْوَالَ قَوْمٍ وَدِمَاءَهُمْ، لَكِنَّ الْبَيِّنَةَ عَلَى الْمُدَّعِي، وَالْيَمِينَ عَلَى مَنْ أَنْكَرَ"[5]".)تخریج الھدایۃ للزیلعی:216/2

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سنن میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اگر لوگوں کو محض ان کے دعوے کی بنا پر چیز دے دی جائے تو لوگ دوسرے افراد کے مالوں اور خونوں پہ دعوے کردیں،لیکن گواہی پیش کرنا مدعی کا فرض ہے اور اس کا انکار کرنے والے (مدعا علیہ) کے ذمے قسم کھانا ہے۔''

---

[1]۔ صحیح مسلم رقم الحدیث (139) یہ تمام عبارت "نصب الرایۃ" سے منقول ہے۔

[2]۔ صحیح بخاري رقم الحدیث (2285) صحیح مسلم، رقم الحدیث (138) سنن ابی داود، رقم الحدیث (3243) سنن الترمذي رقم الحدیث (1269)

[3]۔ سنن البیہقی (252/10)

[4]۔ سنن البیہقی الکبریٰ (252/10)

[5]۔ سنن البیہقی (252/10)

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

کتاب البیوع، صفحہ:643

محدث فتویٰ